دانے انجیر روزانہ ہمراہ پانی چبا کر کھائیں
چند دنوں کے استعمال سے جسم بھرنے لگے گا
KFOODS.com
SS Hashmi

گیس ختم ، رنگ سرخ اور آنکھوں کے حلقوں سے نجات
کلونجی ، دیسی اجوائن ، نمک سیاہ
ہم وزن لے کر باریک کر کے مکس کر لیں اور
کھانے کے ایک گھنٹے بعد آدھی چمچ ہمراہ پانی استعمال کریں
SS Hashmi
KFOODS.com

کھانے کے بعد پانی اور صحت

کھانا کھانے کے بعد پانی پینے سے معدہ ناکارہ ہو جاتا ہے
اور انسان بہت سی انوکھی بیماریوں میں مبتلاء ہو جاتا ہے،
کھانے کے بعد پانی جتنا صحت کو نقصان دیتا ہے اتنا اگر کھانے
کے بعد ایک چمچ زہر استعمال کیا جائے تو وہ بی شاید کم نقصان دے
الغرض کھانا کھانے کے بعد کم از کم آدھے گھنٹے تک پانی بالکل نہیں پینا چاہیے

کشمش کھائیے ، مسوڑھے صحت مند بنائیے

کشمش کھانے سے مسوڑھوں کے امراض
اور دانتوں کو کیڑا لگنے سے بچایا جا سکتا ہے۔
کشمش کھانے میں میٹھی لگتی ہے اور کھاتے وقت
دانتوں سے چپک جاتی ہے لیکن اس میں پائے جانے والے کیمیکل
اینٹی آکسیڈنٹ اجزاء دانتوں اور مسوڑھوں کی صحت کے لئے بہت مفید ہیں

زیادہ کھانے پینے سے جولوگ گیس اور معدے کے مریض بن گئے ہوں
ان کے لیے یہ چٹنی لاجواب ہے۔
سبز پودینہ، ادرک یا سونٹھ، انار دانہ تینوں اجزاء
ہم وزن لے کر خوب باریک پیس لیں اور سے خشک
شیشی میں رکھ لیں، روزانہ صبح وشام ایک چمچ ہمراہ پانی استعمال کریں

کھانے کے بعد تھوڑا سا گڑ پھر کمال دیکھیں
ایسا گُڑ جو سفید نہ ہو براؤن یا بلیک ہو یعنی کیمیکل سے پاک ہو ہر کھانے کے
بعد تھوڑا سا یعنی ایک بڑی ٹافی کے برابر لے کر اس کو منہ میں چوستے رہیں
چباتے رہیں، چند دن اس کو کر کے دیکھیں جوانی، طاقت، اعصاب، معدہ،
آنتیں، دائمی قبض، پرانی تبخیر، موٹاپا، بدہضمی، جسم کا بڑھنا اور اعصابی کھچاؤ،
ریشہ بلغم ان سب کا شافی علاج ہے
SS Hashmi
KFOODS.com

جامن کی گٹھلی ختم کرے آنکھوں کا پانی

کینسر کا سبب بننے والی تین اشیاء
کولڈ ڈرنک
جلا ہوا گوشت
بازار کی تلی ہوئی اشیاء
SS Hashmi

گاجر میں غذائیت

گاجر وہ سبزی ہے جو سبھی سبزیوں سے زیادہ غذائیت سے بھرپور ہے

گاجر کا مربہ چاندی کا ورق لگا کر کھانے سے بے حد فائدہ ہوتا ہے

گاجر اور اس کے مختلف استعمال

گاجر کا اچار	:	جگر اور تلی کے امراض دور کرنے میں مدد کرتا ہے
گاجر کا مربہ	:	دل کو مضبوط کرتا ہے، دماغی صلاحیتوں میں اضافہ کرتا ہے
گاجر کی کانجی	:	گرمی کی شدت کو دور کرتا ہے، کھانا ہضم کرتا ہے
گاجر کے بیج اور گڑ	:	اس کا جوشاندہ عورتوں کے مسائل کا بہترین حل ہے
گاجر کا جوس	:	خون کی کمی، جگر کی گرمی اور یرقان کا خاتمہ کرتا ہے
کچی گاجر	:	حسن پیدا کرتی ہے، چہرا شاداب بناتی ہے، وٹامن اے فراہم کرتی ہے

گٹھیا کے درد سے نجات پانے کے لئے بہترین جوس

گاجر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دس عدد

پالک۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایک مٹھی

لونگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔دو عدد

لیموں۔۔۔۔۔۔۔۔ایک عدد

سیب۔۔۔۔۔۔۔۔ایک عدد

ان سب کو یکجا کر کے جوس بنا کر بوتل میں بھر کر رکھ دیں

روزانہ ایک یا دو مرتبہ پیئیں۔

شکر قندی

دل کو مضبوط کرے

فشار خون کو کم کرے

اینٹی آکسیڈینٹ سے بھرپور

آنکھوں کی روشنی تیز کرے

وزن کم کرنے میں مدد کرے

وٹامن سی، ای، B6 اور بیٹا کیروٹین سے بھرپور

جلد اور بالوں کی صحت بڑھانے کے لئے مددگار

لال مرچ وبائی امراض سے بچاتی ہے
لال مرچ آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات سے بچاتی ہے
لال مرچ میں فولاد، فاسفورس، پروٹین، وٹامن اے و سی شامل ہوتا ہے
SS Hashmi

منہ کے چھالے
مہندے کے پتوں کو منہ میں رکھ آہستہ آہستہ چبانے
سے منہ کے چھالے دور ہو جاتے ہیں
SS Hashmi

نیند نہ آنے کی چند وجوہات

انسان کا نظام ہاضمہ خراب ہونا

بخار، دمہ یا کوئی جسمانی درد کا ہونا

ضرورت سے زیادہ دماغی محنت کرنا

گرم غذاؤں کا کثرت سے استعمال

دماغ میں خون کی گردش کا تیز ہو جانا

دماغ میں خون کی کمی کے باعث خشکی ہو جانا

تمباکو، چائے اور کافی وغیرہ کا کثرت سے استعمال

رنج وغم یا تفکرات کے باعث ہیجانی کیفیت پیدا ہو جانا

سینے کا درد

ایک تولہ سونف اور آدھ کلو پانی لیں
سونف کو پانی میں جوش دیں یہاں تک
کہ پانی آدھ رہ جائے دن میں دو مرتبہ
ایک ماشہ پیئیں، سینے کا درد دور ہو جائے گا

سنترہ
سینے کو صاف کرتا ہے
سرد تر اور فرحت بخش ہے
چہرے کی سیاہی کو دور کرتا ہے
دل اور معدے کی طاقت دیتا ہے
بخار، پیاس، بے چینی اور متلی کو مٹاتا ہے۔
SS Hashmi

شریفہ
نزلہ اور کھانسی دور کرنے کے لئے شریفہ سب سے بہترین ہے
SS Hashmi
KFOODS.com
fb.com/kfoods | twitter.com/kfoods_com | plus.google.com/+Kfoods_com

ورزش کریں کیونکہ
ماہرین کے مطابق
روزانہ ورزش سے مسائل پر توجہ
مرکوز کرنے کی صلاحیتیں بڑھتی ہیں یاداشت بھی
تیز ہو جاتی ہے، جسمانی کمزوری بھی دور ہوتی ہے
پورا جسم فعال رہتا ہے اور دماغ صحیح طریقے سے کام کرتا ہے
SS Hashmi
KFOODS.com
fb.com/kfoods | twitter.com/kfoods_com | plus.google.com/+Kfoods_com

ایک مرتبہ ضرور دیکھیں

مرض دکھانے سے پہلے ڈاکٹر کی قابلیت کو ضرور دیکھیں

اسٹور سے دوا خریدنے سے پہلے ڈاکٹر کی پرچی کو ضرور دیکھیں

کوئی بھی دوا کھانے سے پہلے ایکسائری ڈیٹ کو ضرور دیکھیں

بچے کو ایڈمیشن کرانے سے پہلے اسکول کے معیار کو ضرور دیکھیں

بجلی کا بل ادا کرنے سے پہلے استعمال شدہ یونٹ کو ضرور دیکھیں

چوراہے پر گاڑی لانے سے پہلے سگنل کی بتیوں کو ضرور دیکھیں

اندھیرے میں پانی پینے سے پہلے گلاس روشن کر کے ضرور دیکھیں

اپنی فیس بک بند کرنے سے پہلے ایک مرتبہ شیئر کر کے ضرور دیکھیں

وضو کرتے وقت ناک میں پانی
وضو کرتے وقت ناک میں پانی ڈالنے
یا ناک پانی سے صاف کرنے سے سانس لینے
میں آسانی ہوتی ہے جذام کے مرض کا خطرہ نہیں رہتا
SS Hashmi

منقی کیا ہوتا ہے
بڑا انگور جو دانے دار بھی کہلاتا ہے
جب بیل پر ہی پک کر سوکھ جائے
تو اسے منقی کہا جاتا ہے۔ قبض ہونے کی
صورت میں منقی 24 گھنٹے کے لئے پانی میں
بھگو کر رکھ دیں اور صبح نہار منہ پی لیں اور بچا ہوا
منقی کھالیں، یہ عمل قبض ختم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا
SS Hashmi

اجوائن
اجوائن جگر کی سختی کو دور کرتی ہے
اجوائن بڑھا ہو پیٹ کم کرتی ہے
اجوائن بدہضمی اور گیس کو ختم کرتی ہے
اجوائن معدے کے درد میں آرام پہنچاتی ہے
SS Hashmi

کولڈ ڈرنک یعنی ساف ڈرنکس سے پرہیز کریں

گلے کی سوزش املی سے دور کریں
املی کے گودے کا جوشاندہ بنا کر غرغرے
کرنے سے گلے کی سوزش دور ہو جاتی ہے
SS Hashmi
KFOODS.com
fb.com/kfoods | twitter.com/kfoods_com | plus.google.com/+Kfoods_com

اسپغول
خشک کھانسی اور
دمہ کے لئے روزانہ
ایک تولہ اسپغول دودھ
یا پانی کے ساتھ چالیس روز تک پیئیں
SS Hashmi

کڑی پتہ
روزانہ صبح دس کڑی
پتے تین مہینے تک کھانے
والے موٹاپے کی وجہ سے
ہونے والی شوگر سے دور رہتے ہیں
SS Hashmi

لیموں کا رس اور کلونجی سے بخار اُتاریئے

KFOODS.com

لوبیا کے غذائی اجزاء

فولاد

تانبہ

فاسفورس

وٹامن سی

وٹامن ای

کلوروفارم

لوبیہ کے دانے کو پیس کر چہرے پر لیپ کرنے سے رنگت نکھر جاتی ہے

کھجلی اور خارش
ناریل کے تیل اور
لیموں سے خارش ختم
اگر آپ کو کھجلی اور خارش
زیادہ تنگ کر رہی ہے تو ناریل کے
تیل میں لیموں کے قطرے ملا کر مساج کریں
SS Hashmi
KFOODS.com
fb.com/kfoods | twitter.com/kfoods_com | plus.google.com/+Kfoods_com

وٹامن سی سے بھرپور صحت بخش مشروب

کیلے کٹے ہوئے	:	ایک کپ
کیوی	:	دو عدد
تازہ کینو	:	آدھ کپ
ہرا دھنی	:	آدھ کپ
اجوائن کے پتے	:	ایک عدد

سوائن فلو احتیاط ضروری ہے

سردیوں کے موسم میں سوائن فلون کے کیسز میں اضافہ ہوگیا ہے

سوائن فلو کے باعث بہت سے لوگ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں کئی زیر علاج ہیں

پچھلے دو سال کے مقابلے میں اس سال سوائن فلو نے زور پکڑنا شروع کر دیا ہے

عالمی ادارہ صحت نے سوائن فلو کو ایک موذی مرض قرار دیا ہے

اس میں ایچ ون اور این ون وائرس مرض میں مزید اضافہ کرتے ہیں

سوائن فلو انسان میں کھانسی سے چھنکنے اور متاثرہ شخص سے ہوتا ہے

سوائن فلو کی روک تھام کے لئے اس کی علامات اور احتیاط سے آگہی ضروری ہے

ناک کی خشکی
دماغ کی گرمی اور خشکی
سے گرم بیماریوں اور بخاروں
کی حالت میں دماغی رطوبت تحلیل
ہوجانے کے باعث ناک خشک ہوجاتی ہے
SS Hashmi

ٹینڈے
دماغ کو فرحت اور طاقت پہنچاتے ہیں
ہاتھوں اور پاؤں کی جلن کے لئے مفید ہیں
پیشاب کی جلن کی شکایت کو دور کرتے ہیں
ٹینڈے میں کالی مرچ اور زیرہ ملا کر پکانا بہتر ہے
SS Hashmi

امردو

امرود سے خون میں بڑھتی ہوئی شوگر کم ہو جاتی ہے

امردو سے دل کو راحت ملتی ہے گھبراہٹ دور ہوتی ہے

امرود آنتیں صاف کرتا ہے، جگر معدہ کو مزید ایکٹیو بناتا ہے

امرود بواسیر، خون کی خرابی اور آنتوں کی گرمی کو دور کرتا ہے

امرود کی خوشبو سے بے چینی جاتی رہتی ہے جی کا متلانا صحیح ہوتا ہے

مرود بھوک کی کمی کو دور کرتا ہے، دل، دماغ، معدے کو طاقت دیتا ہے

صرف کچے امردو کھانے سے قبض ہوتی ہے، احتیاط کریں

دانتوں کا درد

دانتوں کے درد سے فوری نجات

کیلئے دانتوں پر بینگن کا رس لگائیں

درد ختم ہو جائیگا

دانت مضبوط کرنے کے لئے

تل آپ کے دانتوں
کو بہت ہی زیادہ مضبوط
رکھتا ہے ، دانت کے درد کی شکایت
دور کرتا ہے اور دانتوں کو گرنے سے بھی روکتا ہے

تربوز کے بیج ، صندل سفیداور

چھوٹی الائچی ہم وزن پیس کر رکھ لیں ۔

صبح و شام آدھا چمچ لیں ۔

کمر کا درد صحیح ہو جائے گا۔

پھوڑے پھنسی کے خاتمہ کے لئے

1۔ ایک حصہ لہسن کا رس

اور تین حصے پانی ملا کر لوشن تیار کریں۔

2۔ جسم میں موجود زخم اور پھوڑے پھنسی وغیرہ پر لگائیں

3۔ دانوں کی پیپ سکھانے کیلئے لہسن کا رس استعما ل کریں

آڑو کے چند فائدے

آڑو بخار ختم کرتا ہے

آڑو بھوک لگاتا ہے۔

آڑوذیابیطس میں آرام دیتا ہے ۔

آڑو جگر کو قوت بخشتا ہے۔

آڑو پیاس کو ختم کرتا ہے۔

آڑو معدہ کو طاقت دیتا ہے۔

آلو بخارا بلڈ پریشر اور گرمی کو ختم کرتا ہے۔

آلو بخارا گرمی کے سردرد میں فائدے مند ہے۔

آلو بخارا متلی، قے اور بدہضمی میں آرام دیتا ہے۔

آلو بخارا خون کو صاف کرنے کا کام انجام دیتا ہے۔

چھوٹی آنت کے السر کیلئے
چھوٹی آنت کے السر کے لئے بند گوبھی کا جوس مفید ہے۔
بند گوبھی کے جوس سے چھوٹی آنت کا السر درست ہو جاتا ہے۔
بند گوبھی کو پکانے کی صورت میں یہ وٹامن ضائع ہو جاتا ہے۔
اس میں موجود اینٹی السر جوس یعنی وٹامن یو شافی عمل کا ذریعہ ہے۔
SS Hashmi

بادام سے دودھ کی طاقت میں مزید اضافہ کریں

دس عدد بادام کو پانی میں بھگو کر چھیل لیں۔

انہیں خوب باریک پیس لیں۔

آدھ کلو جوش کھاتے ہوئے دودھ میں ملائیں۔

تین جوش آنے کے بعد دودھ کو چولہے سے اُتار لیں۔

جب پینے کے قابل ٹھنڈا ہوجائے تو مصری یا شہد ملالیں۔

ملٹھی
1۔ ملٹھی کو دنیا کا اہم ترین پودا تصور کیا جاتا ہے۔
2۔ ملٹھی کا استعمال عمر میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔
3۔ ملٹھی کو پیاس، کھانسی ، بخار میں استعمال کیا جاتا ہے۔
4۔ ملٹھی کو یورپ میں السر کے علاج کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔
5۔ ملٹھی کی جڑ چوسنے کے بعد انسان بارہ دن تک بغیر پانی پیئے رہ سکتا ہے۔
SS Hashmi

لہسوڑے کے فوائد
1۔ لہسوڑا بلغم اور خونی مواد کو صاف کرتا ہے۔
2۔ لہسوڑا حلق کی خرخراہٹ میں فائدہ پہنچاتا ہے۔
3۔ پکے ہوئے لہسورے کو پھل کی طرح کھایا جاتا ہے۔
4۔ خشک لہسوڑے کو دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔
5۔ لہسوڑا دمہ، خشک کھانسی اور سینے کے درد میں مفید ہے۔
SS Hashmi

سبزی ہماری صحت کے لئے ضروری

روزانہ کے کھانے میں سبزی کو ترجیح دیں۔

بہترین اجزاء کی سبزیوں میں پتے والی سبزی شامل ہیں۔

سبزی میں وٹامن بی کمپلیکس اور دیگر وٹامن شامل ہوتے ہیں۔

سبزی کھانے سے جلد کی بیماریوں کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے۔

جسم کو ضروری وٹامن نہیں ملے تو چہرے پر جھریاں پڑ جاتی ہیں۔

سبزی کھانا جلد، ناخن، بالوں اور آنکھوں کے لئے ضروری ہوتا ہے۔

آملے کے فائدے بے شمار

1۔ امراض قلب کا موثر علاج۔

2۔ ذیابیطس کے مرض میں مفید۔

3۔ جوڑوں کے درد اور سوزش میں مفید۔

4۔ آملے سے جسم میں بہت جلدی توانائی آجاتی ہے۔

5۔ سانس، پھیپھڑوں اور دمہ کی بیماری میں فائدے مند ہے۔

6۔ آملے کے جوس میں شہد ملا کر کھانے سے بینائی بہتر ہوجاتی ہے۔

کس پھل کا رس کس کام آتا ہے؟
شہتوت کا رس بلغم کو ختم کرتا ہے۔
انار کا رس پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔
گنے کا رس پینے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔
مولی کا رس پینے سے پتے کی پتھری بننا بند ہو جاتی ہے۔
گاجر کا رس پینے سے جسم کے زہریلے مادے باہر نکل جاتے ہیں۔

کینو کے فوائد

کینو رنگ گورا کرتا ہے۔

کینو وزن کم کرتا ہے۔

کینو ذیابطیس کو کم کرتا ہے۔

کینو آنکھوں کے حلقے کم کرتا ہے۔

کینو بالوں کا گرنا بند کرتا ہے۔

کینو کولیسٹرول کو گھٹاتا ہے۔

کینو زکام سے روکتا ہے۔

کینو منہ کی بدبو ختم کرتا ہے۔

کینو بلڈ پریشر بڑھنے سے روکتا ہے۔

کینو میں وٹامن سی کی وافر مقدار پائی جاتی ہے۔

کینسر سے بچانے والی غذائیں

آئرن سے بھرپور غذائیں

پیٹ کی چربی کم کرنے کا طریقہ ! حکیم شاہ نذیر

آملہ پاؤڈر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پچاس گرام

کلونجی پاؤڈر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پچاس گرام

سونف پاؤڈر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پچاس گرام

آلو کا پاؤڈر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پچاس گرام (خشک حالت میں)

بنانے کا طریقہ :

تمام اجزاء کو ایک پیالے میں اچھی طرح مکس کرلیں ۔

استعمال کا طریقہ :

1 چھوٹا چائے والا چمچ صبح اور شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں ۔

دوماہ تک مسلسل استعمال کریں ۔

جتنا بھی بڑھا ہوا پیٹ ہو کمر کے ساتھ لگ جائے گا۔

کیا آپ کو معلوم ہے؟

ہلدی خون صاف کرتی ہے

ہلدی جگر کی بیماریوں سے جسم کو محفوظ رکھتی ہے

ہلدی وزن کم کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے

دھوپ سے گرم ہونے والا پانی

اکثر گھروں میں پلاسٹک کی ٹنکی دھوپ میں رکھی ہوتی ہے جس وجہ سے پانی
بہت زیادہ گرم ہو جاتا ہے۔ **ماہرین طب کے مطابق**
دھوپ سے گرم ہونے والے پانی سے نہانا نہیں چاہئے کیونکہ اس سے برص
کی بیماری ہو جاتی ہے، احتیاط کریں پانی کو دھوپ سے بچائیں۔

چائے کم پیئیں

چائے اور کافی کے استعمال سے

جسم سے نمکیات کے اخراج میں اضافہ ہوتا ہے

یہ آپ کو تازہ دم رکھنے کی بجائے پانی کی کمی کا سبب بن سکتا ہے

پھنسیوں کے علاج کے لئے

لیموں جلد کو صاف کرتا ہے ، جلد کے تمام امراض
پھوڑے، پھنسیاں ، داد خارش وغیرہ میں لیموں کا رس لگانے یا
لیموں کو پانی میں نچوڑ کر اس پانی سے دھونے سے فائدہ ہوتا ہے

پسلی کا درد

اگر پسلی میں درد ہو رہا ہو تو

کھانا کھانے کے بعد ایک گلاس گرم پانی پئیں

جتنا گرم پی سکتے ہیں، لگاتار پیتے رہنے سے درد دور ہو جائیگا۔

بھوک نہ لگنے کا علاج

بھوک کم لگتی ہو تو آدھا چھوٹا چمچ کالی مرچ اور ایک بڑا چمچ شہد ملا کر کھالیں۔ روزانہ اس نسخے پر عمل کرنے سے بھوک لگنے لگے گی۔ بھوک بڑھانے کے لیے کھانے میں کالی مرچ کا استعمال مفید ہے۔

موٹاپا کم کرنے کا آسان طریقہ

ایک گلاس پانی میں سونف کے تیل کے پانچ قطرے شامل کرکے
دن میں کسی بھی وقت پی لیں۔
انشاء اللہ چند دنوں کے استعمال سے آپ کا وزن کم ہونا شروع
ہو جائے گا۔
یاد رہے اس ڈرنک کے پینے سے بھوک کی شدت میں اضافہ
ہوتا ہے آپ کو کھانے میں احتیاط برتنی پڑے گی۔

آم پھلوں کا بادشاہ

آم جسم کو توانائی پہنچاتا ہے۔

آم غذائیت سے مالا مال ہے۔

آم جلد کا رنگ صاف کرتا ہے۔

آم دل کے پٹھوں کو مضبوط بناتا ہے۔

آم میں وٹامن اے وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔

بخار ہونے کی صورت

میں ہلکی پھلکی غذائیں کھائیں

دودھ | دلیہ | پانی

ساگودانہ | پھل | مونگ کی دال

اگزیما کی علامات

اگزیما کسی بھی قسم کا ہو مگر چند علامات مشترکہ ہیں

جلدپر سرخ داغ ہو جاتے ہیں

جلد کے داغوں پر ورم آ جاتا ہے

دانوں میں سرخ آبلے بھی نکل آتے ہیں

بعض اوقات آبلے خشک بھی ہو جاتے ہیں

چھوٹے چھوٹے کئی دانے نمودار ہو جاتے ہیں

دانے پھٹنے پر لیس دار رطوبت خارج ہوتی ہے

لیموں سے کھانسی دور

ایک لیموں کے رس میں رتی بھر لونگ کاسفوف ملائیں پھر ان دونوں کو ایک چھٹانک پانی میں حل کرلیں ۔آٹھ آٹھ گھنٹے کے وقفے سے مریض کو دیں ، انشاء اللہ کھانسی ٹھیک ہو جائے گی۔

گھبراہٹ کب ہوتی ہے؟

گھبراہٹ ہماری ذہنی کارکردگی کی عکاسی کرتی ہے۔ انسان سوچ میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کے اعصاب کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں اور پھر گھبراہٹ کی کیفیت ہوجاتی ہے ۔ اچھی سوچ گھبراہٹ کا راستہ روکتی ہے ۔ اومیگا تھری فیٹی ایسڈ والی غذائیں اور شہد کھایئے ۔

گھبراہٹ بھگایئے۔

ڈینگی بخار کی علامات

ڈینگی بخار شدید فلو جیسی بیماری ہے جس کی علامات میں

شدید بخار ہوتا ہے

پٹھوں اور جوڑوں میں درد ہوتا ہے

رنگ پیلا پڑ جاتاہے

جسم پر دھبے ظاہر ہوجاتے ہیں

پیٹ میں درد ہوتا ہے

سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے

آنکھوں کی پیچھے کی جانب درد ہوتا ہے

اگر آپ کی جلد زیادہ چکنائی کی حامل ہے تو نہانے سے آدھ گھنٹہ قبل اپنے چہرے پر لیموں اور کھیرے کے رس کا مساج کریں، جلد کی فاضل چکنائی زائل ہو جائے گی۔

دودھ کی بالائی سے ڈبل چن کا مکمل خاتمہ

دودھ کی بالائی سے جلد میں کھچاؤ پیدا ہوتا ہے۔ چند منٹوں تک دودھ کی بالائی سے چہرے اور گردن کا مساج کرنے سے جلد تروتازہ اور لچک دار ہوجاتی ہے۔ اس سے جلد کو ضروری غذائیت بھی فراہم ہوتی ہے۔ دودھ اور شہد کا ماسک بنا کر چہرے اور گردن پر لگایا جا سکتا ہے۔ اسے دس منٹ لگا رہنے دیں پھر ہلکے گرم پانی سے صاف کردیں۔

تیزپات کی چائے آدھے سر کے درد کو ختم کرتی ہے۔

سردیوں میں جسم کو گرم رکھتا ہے اور زکام کو جلد ٹھیک کر دیتا ہے۔

اس کی چائے ہاضمے کے لیے بہترین ہے۔

یہ معدے اور آنتوں کی گیس اور تیزابیت کو ختم کرتی ہے۔

ٹماٹر کھائیں بیماریاں بھگائیں

ٹماٹر بیماریوں کا دفاع کرتا ہے۔

ٹماٹر ہائی بلڈ پریشر کو نارمل رکھتا ہے۔

ٹماٹر آنکھوں کی بینائی تیز کرتا ہے۔

ٹماٹر غذائیت کا عنصر ہے جو کینسر سے دور رکھتا ہے۔

ٹماٹر کولیسٹرول کم کرنے کا ایک غیر معمولی ذریعہ بنتا ہے۔

ٹماٹر بند موتیا اور دیگر آنکھوں کی بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

کھیرے سے بیماریاں دور

کھیرا قبض کا بہترین گھریلو علاج ہے۔

چہرے کی جلد کو چمکدار اور تروتازہ بناتا ہے۔

کھیرا آپ کے مدافعتی نظام کا دفاع کرتا ہے۔

کھیرا بالوں کو مضبوط اور صحت مند بناتا ہے۔

کھیرا آپ کو چھاتی کے سرطان سے بچاتا ہے۔

کھیرا بلڈ پریشر اور شوگر کو کنٹرول کرتا ہے۔

گرمی میں سردرد اور سر کا بھاری پن ختم کرنے کا طریقہ

گھر سے باہر نکلتے وقت بڑی الائچی کے دانے منہ میں ڈال لیں اور ٹافی کی طرح چوستے رہیں۔

انشاء اللہ سردرد اور سر کا بھاری پن دور ہو جائے گا۔

یاداشت کی کمزوری کا میٹھا علاج

روزانہ عصر اور مغرب کے درمیان
ایک وقت مقرر کرکے تازہ گرم جلیبیاں
کھائیں دُماغی کمزوری دور ہوگی خُاص
طور پر جو بچے قرآن حفظ کر رہے
ہیں ان کیلئے بہت لاجواب ہے۔

باسی ڈبل روٹی کو تازہ کریں !!

دو تین روز کی باسی ڈبل روٹی کو تازہ کرنے کے لئے اوون کو خوب گرم کریں
اور ڈبل روتی کو ایک ہوا بند ڈبے میں رکھ کر چند منٹ کے لئے اوون میں رکھ دیں
ڈبے کا ڈھکن کھولیں تو بالکل تازہ ڈبل روٹی تیار ملے گی۔

اس طرح ایسے کیک جن پر آئسنگ نہ کی گئی ہو
ان کو دوبارہ تازہ باآسانی کیا جاسکتا ہے!

کالی مرچ

موٹاپے سے محفوظ رکھتی ہے

☆

یہ قوت بخش ہے اور ذائقے کے مساموں متحرک کرتا ہے
جس سے معدہ کھانا ہضم کرنے کے لئے نمک کا اخراج بڑھا دیتا ہے
اور ہاضمہ بہت اچھا ہو جاتا ہے

یہ آنتوں میں گیس بننے نہیں دیتی، جس سے آنتیں صحت مند رہتی ہیں

اس زبردست مصالحے کی ایک تہہ ہوتی ہے جو جسم میں پہنچ کر چکنائی کے خلیوں کو توڑتی ہے
جس سے چربی نہیں بنتی
اور جسم دبلا پتلا اسمارٹ رہتا ہے

دار چینی ایک بہترین نسخہ

دار چینی کو پیس کر رکھ لیں اور جسے کولسٹرول، ہائی شوگر یا بلڈ پریشر ہوا سے روز آدھا چائے کا چمچ، دن میں ایک دو بار پابندی سے کھا لیں چند ہی روز میں مریض کا کولسٹرول، شوگر اور بی پی نورمل رینج میں ہوں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ دار چینی شریانوں اور وریدوں میں جمی چکنائی صاف کرتی ہے۔ جس سے کولسٹرول نارمل سطح پر آ جاتا ہے۔ خون میں صفائی سے شوگر پر مثبت اثر پڑتا ہے اور وہ نارمل ہو جاتی ہے

دار چینی معدے میں بیکٹریا کی افزائش بھی روکتی ہے

دار چینی، گٹھیا کے مرض میں افاقہ کرتی ہے

آواکا دو ...... چہرے کا بہترین دوست

آپ کی جلد کو جس قدر اچھے قدرتی روغنیات، وٹامن-E اور تحلیل شدہ چکنائی کے مانع تکسیدی اجزاء اس پھل

کے ذریعے مل سکتے ہیں کسی دوسرے پھل میں اس قدر بھرپور خاصیت کم ہی پائی جاتی ہے۔ آلودگی کے

اثرات ظاہری جلد پر ہوں یا اندرونی جسمانی شکل میں، یہ ہر دو پہلوؤں سے ضمنی اثرات کے لئے ڈھال بنتا

ہے۔ تیز دھوپ میں کام کرنے والوں کے لئے قدرتی سن بلاک ہے۔

میونہ دادی کے آزمودہ نسخے

۱......خارش کے دانوں کا خاتمہ

ناریل کے عرق میں دو لیموں کو ملا کر خوب جوش دیجئے، جب گاڑھا آمیزہ بن جائے تو دانوں پر لگائیں۔

۲...... جلے ہوئے آبلے کا علاج

انڈے کی سفیدی لے کر اسے جسم کے جلے ہوئے حصہ پر لگانے سے سوزش ختم اور آبلہ نہیں پڑے گا۔

۳...... چہرے کے دانے

دو چار روز کالی مرچ رگڑ کر چہرے پر لیپ کرنے سے چہرے کے دانے ختم ہو جائیں گے۔

۴...... چیچک کے داغ

خالص پستہ لے کر اس کا سفوف بنا کر رات کو چھ ماہ تک مسلسل چہرے پر ملنے سے داغ ختم ہو جائیں گے۔

۵......ٹھسکا دور کرنے کا طریقہ

تھوڑے سے پانی میں شکر حل کر کے پی لینے سے ٹھسکا رک جائے گا۔

میمونہ دادی کے ٹوٹکے

• ا......چبھا ہوا کانٹا نکالنا

تھوڑا سا گڑ اور ایک پیاز لے کر انہیں متاثرہ حصے پر باندھ دیں۔ کانٹا جسم سے خود بخود نکل آئے گا۔

• ۲......کان سے حیوانی شے نکالنے کے لئے

کریلے کا پانی نچوڑ کر کان میں ڈالنے سے کان میں حیوانی شے باہر نکل آئے گی۔

Helpful TIPS

• ۳......گلا درست کرنے کے لئے

ادرک کا رس نکال کر اسے شہد میں ملا کر کھانے سے گلا درست ہو جائے گا۔

• ۴......سردیوں کی کھانسی دور کرنے کے لئے

سونٹھ میں شہد ملا کر کھانے سے سردیوں کی کھانسی دور ہو جائے گی۔

مکئی میں پوشیدہ طاقت کے اہم جز

۱...... بھٹے یا مکئی کے دانوں میں موجود وٹامن سی دیگر امراض سے لڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

۲...... اس میں موجود نشاستہ جسم کی توانائی بحال کرکے اندرونی طاقت فراہم کرتا ہے۔

۳...... مکئی کے دانے کھانے سے کمزور بینائی کا علاج بھی کیا جا سکتا ہے۔

۴...... مکئی میں موجود کیروٹونائیڈ نہ صرف بینائی تیز کرتا ہے بلکہ وٹامن اے کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔

۵...... پاپ کارن کا استعمال پھل اور سبزیوں کی طرح مفید ثابت ہو سکتا ہے۔

٦...... ڈائٹنگ والے افراد بھی پاپ کارن کھا سکتے ہیں۔

دماغی کمزوری کا قدرتی تحفظ

۱......دماغی کام، لیٹ کر نہیں کرنا چاہیے۔

۲......دماغی کام کرنے کے بعد چند منٹ متواتر لمبے سانس لینے چاہئیں۔

۳......دماغی کام ہمیشہ کھلی روشن ہوادار جگہ پر بیٹھ کر کرنا چاہیے۔

۴......دماغی کام کرنے والوں کو باغ کی سیر کا شوق نہایت مفید ہے۔

۵......دماغی کام سے تھکان کا احساس ہو تو کام چھوڑ کر پاؤ سوا پاؤ پانی یا دودھ ایک ایک گھونٹ پینا چاہیے۔

۶......دماغی محنت سے تھکنے کے بعد کھلی ہوا میں سر کو دونوں ہاتھوں سے آہستہ آہستہ ملنا تھکان ختم کرتا ہے۔

دودھ کو پھٹنے سے بچانے کے لئے

ایک پاؤ دودھ میں ایک چٹکی میٹھا سوڈا ڈال کر دودھ اُبال لیں

پھر کسی ٹھنڈی جگہ پر رکھ دیں

دودھ نہیں پھٹے گا!

قالین پر دودھ گر جائے تو......

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ بچے اپنا فیڈر قالین پر پھینک دیتے ہیں۔

اور قالین پر بدنما داغ دھبے پڑ جاتے ہیں۔

ایک سادہ اسفنج رکھیں جیسے ہی کوئی چیز گرے

اسفنج گیلا کر کے صاف کر دیں،

دودھ زیادہ ہو تو اسفنج کو نچوڑ کر دو تین دفعہ قالین صاف کریں

اس طرح آپ کا قالین خراب نہ ہوگا!

انڈوں کو دیر تک کارآمد بنانا

کچھ خواتین انڈوں کو نمک میں دبا دیتی ہیں اس طرح انڈے تازہ رہتے ہیں

پہلے زمانے میں خواتین انڈوں کو ریت کے نیچے دبا دیتی تھیں اور

اس ریت پر روزانہ پانی کا چھڑکاؤ کرتیں اس طرح انڈے کافی

مدت تک غذائیت سے بھرپور رہتے تھے

کائی دور کرنے کا طریقہ

جس جگہ کائی جمی ہو وہاں پر بلیچنگ پاؤڈر چھڑک کر

پندرہ منٹ بعد جھاڑو سے اچھی طرح صاف کریں

کائی ختم ہو جائے گی

اور جگہ بالکل صاف ہو جائے گی!

غذائی اشیاء......دشمن و محافظ

۱......شہد اور گھی ایک ساتھ کھانے سے احتیاط کریں......فالج کا خطرہ ہوتا ہے۔

۲......دودھ کے ساتھ یا فوراً بعد کھٹی چیز کھانے سے......درد معدہ ہو سکتا ہے۔

۳......مچھلی کے ساتھ یا فوراً بعد دودھ یا شہد کھانے سے پرہیز کریں......جزام اور برص، (داغ، دھبوں کی بیماری) ہو سکتی ہے۔

۴......مولی، دہی، پنیر ایک ساتھ مت کھائیں......درد قولنج ہو سکتا ہے۔

۵......چاول کے ساتھ سرکہ نہ استعمال کریں کیونکہ معدے میں ''سرکہ'' کی موجودگی سے چاول کھڑا رہتا ہے......نتیجہ درد معدہ شروع۔

۶......بادام کے ساتھ لہسن، پیاز ہرگز نہ کھائیں......شدید پیٹ میں درد ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

۷......کیلا، دودھ ایک ساتھ یا آگے پیچھے مت کھائیں......بدہضمی اور دیگر تکالیف شروع ہونے کا اندیشہ

۸......گوشت کے بعد شہد کھانے سے پرہیز کریں......درد معدہ ہو جاتا ہے۔

مچھلی خراب ہونے سے بچائیں!!

مچھلی اگر زیادہ دیر تک رکھنی ہو تو اس کا پیٹ صاف کر کے نمک لگا دیں اور سل کے نیچے رکھ کر دبائیں۔

تاکہ اس کے اندر کے پانی میں کیمیائی اجزاء نکل جائیں۔ اب مچھلی کو فریز کر دیں۔ وہ زہریلی نہیں ہوگی

اور

اس کو تیزابیت سے محفوظ رکھنے کے لئے اسے ہمیشہ شیشے کے برتن میں رکھیں، پکانے سے پہلے اور بعد میں بھی۔

مولی کے پوشیدہ قدرتی فوائد

۱......مولی جسم سے فاسد مادوں کو باہر نکال دیتی ہے۔

۲......مولی، پیشاب آور ہے۔

۳......بواسیر کے مریضوں کے لئے مولی اور اسکا رس بے حد مفید ہوتا ہے، جو خارش اور جلن کو ختم کر دیتی ہے۔

۴......مولی بلغم خارج کرنے میں مدد دیتی ہے۔

۵......مولی کا استعمال قبض کشا دوا کا کام کرتا ہے۔

۶......مولی کے باقاعدہ استعمال سے جسم کا خون صاف ہو جاتا ہے۔ جسکی وجہ سے جلدی بیماری سے تحفظ ملتا ہے۔

۷......مولی کے پتے بڑھے ہوئے پیٹ کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

۸......مولی دست، پیچش، ڈکار آنا، کھانسی، ہائی بلڈ پریشر، دل کے امراض اور دمے کے لئے انتہائی مفید سبزی ہے۔

۹......گردے اور مثانہ میں پتھری کے لئے مولی اکسیر ہے۔

۱۰......جگر اور تلی کے امراض میں بھی مولی کا استعمال پُر اثر ثابت ہوتا ہے۔

۱۱......مولی کینسر جیسے مرض کو روکنے میں مدد دیتی ہے۔

کالا زیرہ ...... ایک بہترین نسخہ

۱...... اسکا تیل جسم پر مالش کرنے سے ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں اور جسم تندرست رہتا ہے۔

۲...... کھانوں میں پابندی سے اسکا استعمال، معدہ اور آنتوں کی بیماریوں سے تحفظ دلاتا ہے یا ان میں افاقہ ہوتا ہے۔

۳...... اسکے علاوہ یہ نظام تنفس (سانس لینے کا نظام) کو بھی صحت مند رکھتا ہے۔

۴...... خون کی گردش کو تیز کرتا ہے اور دفاعی نظام کو بہتر بناتا ہے۔

۵...... کشیدگی کی صورت میں یہ خون میں شکر کے لیول (سطح) کو نارمل رکھتا ہے۔

۶...... ہڈیوں کے گودے کی افادیت کھونے نہیں دیتا۔

۷...... دفاعی خلیوں کو بھی متحرک کرکے جسم کی قوتِ مدافعت بڑھاتا ہے۔

زعفران کا استعمال

زعفران کا شربت حمل والی خواتین کے لئے بہت فائدہ مند ہے

☆

یہ نظام حمل کی کارکردگی درست رکھتا ہے

☆

اس سے ہاضمہ ٹھیک ہوتا ہے اور بھوک بڑھتی ہے

☆

تشنج کی بیماری میں اس سے شفاء ملتی ہے

چھوٹی الائچی

یہ اینٹی پائیوٹک ہوتی ہے اور منہ کی بو بھی دور کرتی ہے

☆

اکثر لوگ اسے منہ میں رکھ کر ببل گم کی طرح چباتے رہتے ہیں۔ یہ ہاضم بھی ہوتی ہے

☆

یہ بدہضمی کے علاج میں بھی استعمال ہوتی ہے

تشنج کو کنٹرول کرتی ہے اور الٹیاں (قے) روکنے میں مدد دیتی ہے

یہ حلق میں آرام کی کیفیت پیدا کرتی ہے

چاکلیٹ کے مزے ...... اپنے لئے بھی

چاکلیٹ صرف بچوں کے کھانے کی چیز نہیں۔ یہ آپ کے موڈ کو خوشگوار کر دیتا ہے کیونکہ اس میں ایک خاص جزو

Phenylethylamine ہے جو ہمیں توانائی مہیا کرتا ہے۔ اس سے خوش فکری بڑھتی ہے۔

میتھی ......شوگر کے مریضوں کے لئے

اسکا بیج بے حد عمدہ غذائی سپلیمنٹ ہے

☆

اس کی بے انتہا افادیت کی بدولت جڑی بوٹیوں کے معالج اسے صدیوں سے استعمال کر رہے ہیں

یہ خون میں شکر کی مقدار کنٹرول کرتی ہے

یہ انسولین پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے

مونگ پھلی...... حسن کا رشتہ لازوال

گرتے ہوئے بالوں اور بار بار ٹوٹنے والے ناخنوں کو غذا سے کنٹرول کرنا ہے تو مونگ پھلی کھایا کریں۔ ایسی کسی بیماری جس

میں اینٹی بائیوٹکس لینے پڑے ہوں ان کے ضمنی اثرات دور کرنے کے لئے سادہ پانی خوب پئیں اور وقتاً فوقتاً مونگ پھلی کا کھایا

جانا بہتر ہے۔

بلو بیریز دل کے امراض سے بچاؤ کا ذریعہ

اس کی ترشی میں بھی شفا ہے۔اس میں مانع تکسیدی اجزاء خون کی چھوٹی دریدوں کے نظام کو فعال رکھتے ہیں۔یعنی ایک خاص

جزو Anthocyanins شریانوں اور دریدوں کو گنجلک ہونے سے بچاتا اور خون کی روانی کو بحال رکھتا ہے۔

گوشت کھانا بہتر ہے

روزانہ ایک گرام سرخ گوشت کھانا قطعی مضر صحت نہیں اور اگر آپ سرخ گوشت پسند نہیں کرتے تو

مچھلی، انڈے اور سویا متبادل خوراک کے طور پر استعمال کر کے یہ کمی پوری کر سکتے ہیں

ایک انڈا (100 گرام) میں پائے جانے والے غذائی اجزاء......

پروٹینز	12.8 گرام
توانائی	162 کیلوریز
سوڈیم	140 گرام
کیلشیم	5.4 iu
چکنائی	11.5 گرام
فاسفورس	200 گرام
فولاد	1.09 ملی گرام
وٹامن-A	190 iu
وٹامن B12	180iu
وٹامن-D	87iu
نشاستہ	0.7 ملی گرام

مختلف اشیاء میں شامل کیلوریز......

پانی	ایک پیالی	0 کیلوریز
سیب کا جوس	ایک پیالی	156 کیلوریز
گاجر کا جوس	ایک پیالی	94 کیلوریز
کافی	ایک پیالی	02 کیلوریز
ادرک کا جوس	ایک پیالی	124 کیلوریز
انگور کا جوس	ایک پیالی	154 کیلوریز
گریپ فروٹ کا جوس	ایک پیالی	115 کیلوریز
کینو کا جوس	ایک پیالی	105 کیلوریز
آڑو کا جوس	ایک پیالی	134 کیلوریز
اناناس کا جوس	ایک پیالی	132 کیلوریز
چائے	ایک پیالی	02 کیلوریز
جڑی بوٹی والی چائے	ایک پیالی	02 کیلوریز
ملی جلی سبزیوں کا جوس	ایک پیالی	46 کیلوریز
ٹماٹر کا جوس	ایک پیالی	41 کیلوریز

چائے......ایک بہترین عنصر!!

۱......چائے پیاس کو بجھاتی ہے۔

۲......چائے سر کے درد کو دور کرتی ہے۔

۳......پسینہ آور ہے، بخار اتارتی ہے۔

۴......جسم اور رخساروں کی رنگت نکھارتی ہے۔

۵......بواسیر کا درد رفع کرتی ہے۔

۶......چائے کی ایک پیالی میں آدھی لونگ اور تھوڑی سی دارچینی ڈال پئیں تو دل کی کمزوری دور ہوتی ہے۔

۷......دمے میں چائے کا قہوہ افاقہ دیتا ہے۔

۸......آنکھیں دکھتی ہوں تو چائے کی پتی کو پوٹلی بنا کر یا ٹی بیگ آنکھوں پر رکھنے سے درد دور ہوتا ہے۔

۹......آنکھوں کے گرد حلقے ہو جائیں تو چائے پتی کو پوٹلی بنا کر رکھنے سے بھی حلقے مانند پڑ جاتے ہیں۔

پھٹی ایڑیاں ملائم بنائیں......

کوکنگ آئل کے چار چمچ میں ایک چمچ شکر ڈال کر خوب پکائیں۔

نیم گرم ہونے پر محلول کو اپنی ایڑی کے خراب حصے پر دو تین دن لگانے سے ایڑیاں ٹھیک ہو جائیں گی۔

بعد

پہلے

پالک غذائیت سے بھرپور......

۱......سرطان سے بچاتی ہے۔

۲......ہڈیوں کو مضبوط بناتی ہے۔

۳......اینٹی آکسیڈ سے بھرپور ہے۔

۴......بینائی کو بہتر کرنے میں معاون ہے۔

۵......فشار خون کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔

۶......جلد کو صحت منداور چمکدار بناتی ہے۔

۷......جسم کے مدافعتی نظام کو مضبوط بناتی ہے۔

۸......مختلف بیماریوں سے لڑنے کی طاقت رکھتی ہے۔

۹......پالک ریشے سے لیس ہے اور آپ کا ہاضمہ بہتر بناتی ہے۔

۱۰......اس میں کم کیلوریز ہیں مگر یہ مختلف معدنیات سے بھرپور ہے۔

بالوں کو بچائیں.....گرنے سے !!

دیسی انڈے کا تیل	1/2 کلو
لہسن کا پیسٹ	ایک عدد جوا
ادرک	ایک انچ کا ٹکڑا
نیریسون کریم	10 گرام

تمام چیزوں کو تیل میں مکس کر کے اچھی طرح پکا لیں، روزانہ اس تیل سے مساج کریں، جہاں لگے کہ بال بالکل ختم ہو گئے ہیں۔ وہاں پر پیاز کا عرق لگائیں، آدھے گھنٹے کے بعد بالوں کو دھونے کے لئے گھر کا شیمپو کا استعمال کریں۔

قدرتی سفید بالوں کو سیاہ مائل کریں......

جن لوگوں کے بال وقت سے پہلے سفید ہو جائیں وہ روزانہ رات کو آدھا کلو دودھ میں چند قطرے روغن بادام ڈال کر پیئیں۔

خیال رہے کہ دودھ نیم گرم ہو۔ بال سفید ہونا، رُک جائیں گے۔ اور سفید بال سیاہی مائل ہو جائیں گے !!

مسکرائیں......یہ ھے ایک اھم ضرورت !!

۱......ہنسنے سے آپ کا جسم اینڈروفین (ایک قدرتی کیمیکل) کا اخراج کرتا ہے، جس سے وقتی طور پر تکلیف دور ہوجاتی ہے۔

۲......ہنسنے سے دل کی بیماریوں کا امکان بھی کم ہوجاتا ہے۔

۳......ہنسنے سے سانس لینے کے عمل میں بہتری آتی ہے۔

۴......ہنسنے سے آپ اپنی عمر سے کم نظر آتے ہیں۔

۵......ہنسنے سے آپ اپنا وزن بھی کم کر سکتے ہیں۔

۶......ہنسنے سے آپ کی نیند پرسکون ہوتی ہے۔

۷......ہنسنے سے آپ اپنا ذہنی تناؤ کم کرسکتے ہیں۔

live love laugh

ادرک کی چائے ...... بیش بہا فوائد !

۱...... آپ کی قوتِ مدافعت کو بڑھاتی ہے۔

۲...... مائیگرین (دردِشقیقہ) میں آرام دیتی ہے۔

۳...... ذہنی اوراعصابی تناؤ کو دور کرتی ہے۔

۴...... پیٹ کا درد ختم کرنے کے لئے انتہائی مؤثر ہے۔

۵...... سانس لینے کے مسائل دور کرنے میں مددگار ہے۔

۶...... خون کی روانی کو بہتر بنانے میں مدد کرتی ہے۔

۷...... متلی اور قے سے نجات کا ایک اچھا قدرتی ذریعہ ہے۔

سبز چائے......صحت کی ضامن!!

۱ ...... کینسر سے لڑنے کی صلاحیت۔

۲ ...... دل کی بیماریوں سے بچاؤ۔

۳ ...... کولیسٹرول میں کمی۔

۴ ...... ذیابطیس سے بچاؤ۔

۵ ...... صحت مند جلد۔

۶ ...... اینٹی اوکسیڈینٹ سے بھرپور۔

۷ ...... وائرس سے بچاؤ۔

۸ ...... منہ کی بدبو سے نجات۔

حلقوں کو بھول جائیں !!

۱......پودینے کو اچھی طرح پیس لیں۔

۲......پسے ہوئے پودینے کو آنکھوں کے گرد حلقوں پر بیس منٹ تک لگائیں۔

۳......ہفتہ میں تین بار ایسا کرنے سے آپ کی آنکھوں کے گرد حلقے کم ہوجائیں گے۔

مچھلی کھائیں.....صحت مند رہیں !!

☆ بینائی کو تیز کرتی ہے۔

☆ نظامِ قلب کو بہتر بناتی ہے۔

☆ اعصابی دباؤ کو کم کرتی ہے۔

☆ الظاہیمر سے حفاظت کرتی ہے۔

☆ ڈیمینشیاء اور ذیابطیس سے بچاتی ہے۔

پانی......صحیح اوقات میں لیں !!

☆ ...... دو گلاس پانی نہار منہ پینے سے جسم کے اندرونی اعضاء بہتر طریقے سے کام کرتے ہیں۔

☆ ...... کھانے سے آدھا گھنٹہ قبل ایک گلاس پانی پینا، ہاضمہ بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے۔

☆ ...... نہانے سے قبل ایک گلاس پانی پینا فشارِ خون کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

☆ ...... سونے سے قبل ایک گلاس پانی اسٹروک اور دل کا دورہ پڑنے سے بچاتا ہے۔

ٹھنڈا یا گرم پانی......کون زیادہ مفید !!

۱......جسم کو کار آمد بنانے کے لئے ٹھنڈے پانی کو زیادہ توانائی درکار ہوتی ہے۔

۲......ورزش کے بعد جسم کو ٹھنڈا کرنے میں مدد دیتا ہے۔

۳......خون کی شریانوں کو سکیڑتا ہے۔جسکی وجہ سے آپ کے جسم کی نمی جذب کرنے کی صلاحیت پر منفی اثر پڑتا ہے۔

۴......غذا میں موجود چربی جماتا ہے۔جسکی وجہ سے آپ کے جسم کو کھانا ہضم کرنے میں دشواری پیش آتی ہے۔

بمقابلہ

۱......گردوں کی صفائی کرتا ہے اور معدہ کی کارکردگی بہتر بناتا ہے۔

۲......بخار کے وقت گرم پانی پینے سے جسم کی وائرس سے لڑنے کی صلاحیت میں کمی آجاتی ہے۔

۳......خون کی شریانوں کو آرام دیتا ہے۔جسکی وجہ سے آپ کے جسم کی نمی جذب کرنے کی صلاحیت مزید بہتر ہوتی ہے۔

۴......غذا میں موجود چربی گھٹانے میں مدد کرتا ہے۔جس سے آپ کے جسم کو کھانا ہضم کرنے میں مدد ملتی ہے اور رگیں بہتر طریقے سے کام کرتی ہیں۔

نزلہ و زکام ......اب بھول جائیں !!

۱......دودھ میں ہلدی، تھوڑا سا ادرک کا رس اور چٹکی بھر پسی کالی مرچ ملا کر پی لیں۔

۲......ایک کپ گرم پانی میں دو سے تین کھانے کے چمچ سیب کا سرکہ اور حسب ضرورت شہد ملا کر پئیں۔

۳......وٹامن سی، دھوپ اور تیز پیاز کی خوشبو نزلہ زکام کا بہترین علاج ہے۔ روزانہ ایک ہزار ملی گرام وٹامن سی استعمال کرنے سے بھی نزلہ زکام میں افاقہ ملتا ہے۔

۴......ایک بڑی پیاز کاٹ کر کہیں ارد گرد رکھ لیں اور روزانہ دھوپ میں کچھ دیر بیٹھیں۔

۵...... پیاز کاٹ کر تلوؤں پر رگڑنے سے نزلہ زکام میں فائدہ ہوتا ہے، کیونکہ اس میں بخار کو باہر نکال پھینکنے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔

۶......ہلدی، سردی یا زکام سے محفوظ رکھتی ہے۔ مگر نزلہ زکام سے آرام آجانے کے بعد اس کا مسلسل استعمال مفید نہیں رہتا۔

۷......مرغی کا شوربہ، نزلہ و زکام اور ٹھنڈ میں مفید خیال کیا جاتا ہے۔ اس سے ناک اور گلے کی سوزش میں بھی فائدہ ہوتا ہے۔ جسم کے سفید خلیے سپاہی کی طرح کام کرتے ہیں۔ جو جسم کو بیمار کرنے والے بیرونی عناصر کی روک تھام کرتے ہیں۔

۸......نمک ملے پانی سے غرارے کرنا حلق کی سوزش کے لئے بہتر ہوتا ہے۔

صحت بخش جوس !!

نزلہ، زکام دور کرنے کے لئے:

گاجر ایک عدد

سیب ایک عدد

ادرک ایک ٹکڑا

تمام اجزاء کو بلینڈ کرلیں اور پئیں۔

توانائی کے لئے:

نارنجی ایک عدد

ادرک ایک ٹکڑا

انناس ایک عدد (کٹا ہوا)

تمام اجزاء کو بلینڈ کرلیں اور پئیں۔

جسم سے فاسد مواد رفع کرنے کے لئے:

چقندر ایک عدد

گاجر ایک عدد

سیب ایک عدد

پودینا چند پتے

تمام اجزاء کو بلینڈ کریں اور پئیں۔

ہری پیاز......بیماریوں سے ڈھال !!

۱ ...... نزلہ زکام سے آرام دے۔

۲ ...... بڑی آنت کے سرطان سے بچائے۔

۳ ...... فشارخون کو معتدل کرے

۴ ...... بھوک بڑھائے۔

۵ ...... ہڈیوں کو طاقت دے۔

۶ ...... فنگس انفیکشن سے حفاظت کرے۔

۷ ...... دماغی دباؤ اور تھکاوٹ سے بچائے۔

بالوں کی آزمودہ ٹپس !!

خشخاش...... چار چمچ خشخاش دودھ میں پیس کر بالوں کی جڑوں میں لگائیں، آدھے گھنٹے بعد سر دھولیں۔ ہفتے میں دو بار یہ عمل کرنے سے خشکی سر سے دور ہو جائیگی۔

ارہر...... رات کو ایک کپ چھلکے سمیت ارہر کی دال کو پانی میں بھگودیں۔ صبح اسے پیس کر سر میں لگائیں۔ آدھے گھنٹے بعد سر دھوئیں۔ پھر گیلے بالوں میں ہی کنگھی کریں۔ خشکی نکل جائے گی۔

چقندر...... چقندر کے پتوں کو پانی میں ابال کر سر دھونے سے خشکی دور ہوتی ہے اور جوئیں بھی مر جاتی ہیں۔

لیموں...... لیموں کو کاٹ کر بالوں کی جڑوں میں رگڑیں اور آدھا گھنٹہ بعد سر دھوئیں، اس سے بالوں میں لگا تیل بھی نکل جاتا ہے۔ اس سے جوئیں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔

اسکن پولش!

۱ ...... دو چمچ بوسٹر (Booster)

۲ ...... ایک چمچ سوتھنگ لوشن (Soothing Lotion)

۳ ...... ایک چمچ پاؤڈر

۴ ...... 1/2 اسکن شائنر (Skin Shiner)

ان سب اشیاء کو مکس کر لیں اور چہرے اور گردن پر اپلائی کریں۔ 20 منٹ لگا رہنے دیں۔

پھر اسپنج کی مدد سے چہرہ صاف کر لیں۔ پھر ٹھنڈے پانی سے چہرہ دھولیں۔ چہرے میں ایک نئی چمک آجائیگی!!

مولی، پالک اور مٹر ...... ڈپریشن میں کمی کا باعث!!

- ہری سبزیوں مثلاً مولی، پالک اور مٹر کھانے سے بھی ڈپریشن دور بھگایا جاسکتا ہے۔

- پالک کھانے سے تھکن اور اداسی دور ہوتی ہے۔

- ہری سبزیوں میں فولک ایسڈ بڑی مقدار میں موجود ہوتا ہے۔

جو کہ ڈی این اے اور خون کے نئے خلیات کی تعمیر میں مدد گار ثابت ہوتا ہے۔
جس سے ڈپریشن میں 50% تک کمی واقع ہوتی ہے۔

- اسکے علاوہ وٹامن بی 6 کی فراہمی بھی ڈپریشن میں کمی کا باعث ہوتی ہے۔

جس کے لئے کیلا، چکن، آلو اور سرخ مرچ کا استعمال بہترین ہے۔

طِب کی اہم باتیں......

- گوشت صرف جوان جانور کا کھاؤ۔
- جب دوپہر کا کھانا کھاؤ تو تھوڑا ٹائم سوجاؤ اور شام کا کھانا کھا کر چلو، چاہے تمہیں کانٹوں پر چلنا پڑے۔
- جب تک پیٹ کی پہلی غذا ہضم نہ کرلو دوسرا کھانا نہ کھاؤ، بھلے تمہیں تین دن کیوں نہ لگ جائیں۔
- جب تک بیت الخلاء نہ جاؤ، سونے کے لئے مت لیٹو۔
- پھلوں کے نئے موسم میں پھل کھاؤ،جب موسم جانے لگے تو پھل کھانا چھوڑ دو۔ کھانا کھا کر پانی پینے سے بہتر ہے کہ زہر پی لو یا پھر کھانا ہی نا کھاؤ۔

بالوں کے لئے ...... ایگ شیمپو (انڈے کا شیمپو)

بالوں کی صحت و آرائش کے لئے یہ نسخہ سب سے قدیم ہے۔
مرغی کے انڈے پروٹین سے مالا مال ہوتے ہیں۔
ان سے فائدہ اٹھانے کیلئے ہر دور میں خواتین
فائدے میں رہی ہیں۔

ترکیب واستعمال

- ایک گلاس گرم پانی میں دو انڈوں کی زردیاں پھینٹ لیں۔
- اس پانی سے بالوں کو اچھی طرح تر کرکے سر کی جلد میں ہلکی مالش کریں۔
  باقی پانی سے بالوں کو تر کرلیں۔ سر کی جلد پر بھی خوب لگائیں۔
- ایک گھنٹہ بعد دھو لیں۔
- آپ کے بال نرم و ملائم ہوجائیں گے۔

انڈا ...... دل کے لئے ھے موزوں (تحقیق)

- انڈوں میں موجودقدرتی اجزاء دل میں پیدا ہونے والے نقائص
کو دور کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

- پروٹین سے بھرپور انڈوں میں سیچوریٹڈ فیٹ پایا جاتا ہے۔
جو جسم میں داخل ہوکرجمتا نہیں۔

- ایک ہفتے کے دوران کم از کم 6 انڈے کھانے چاہئیں،
جو نا صرف دل کی صحت کے لئے فائدے مند ہیں،
بلکہ انسانی صحت پر کسی قسم کے مضر اثرات بھی مرتب نہیں ہوتے۔

مکئی ...... متعدد بیماریوں کا توڑ!

- اس میں شامل وٹامن بی 1 جسمانی توانائی کے ساتھ نئے خلیات بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔
- اس میں موجود اینٹی آکسیڈنٹس کینسر سے بچنے میں آپکو مدد فراہم کرتے ہیں۔
- مکئی میں فاسفورس، مینگنیز، زنک، کاپر اور آئرن جیسے معدنیات کثرت سے پائے جاتے ہیں۔
- اس میں موجود نشاستہ جسمانی توانائی کو بحال کرتا ہے۔
- یہ مختلف سبزیوں اور پھلوں کی طرح انتہائی صحت بخش ہے۔
- اس کے استعمال سے آپ اپنی بینائی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔
- قبض کو رفع کرنے میں مکئی کا استعمال انتہائی فائدہ مند ہے۔
- اس میں موجود وٹامنز جسم میں خون کی کمی دور کرتے ہیں۔
- ہائی بلڈ پریشر اور ذیابطیس سے بچانے میں انتہائی کارآمد ہے۔

دل کی بند شریانیں کھولنے کا اکسیر نسخہ

1) لیموں کا رس ایک پیالی
2) ادرک کا رس ایک پیالی
3) لہسن کا رس ایک پیالی
4) سیب کا سرکہ ایک پیالی

ان چاروں کو ملا کر دھیمی آنچ پر آدھا گھنٹہ پکائیں، جب پک کر 3 پیالی جتنا پانی رہ جائے تو آگ سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر تین پیالی شہد ملائیں اور اچھی طرح مکس کرلیں۔

روزانہ نہار منہ 3 چمچہ استعمال کریں، انشاءاللہ بند شریانیں کھل جائیں گی! مجرب عمل ہے!

بحوالہ: حضرت مولانا بشیر احمد عثمانی (رحمتہ اللہ علیہ)

دھوپ ...... صحت و حسن کا ضامن !!

- سورج اللہ جل جلالہ کی بہترین نعمت ہے۔
- سور ج کی روشنی (دھوپ) جسم کو کئی امراض سے محفوظ رکھتی ہے۔
- دھوپ میں ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔
- دھوپ سے کولیسٹرول کی سطح ڈرامائی طور پر کم ہوجاتی ہے۔
- سورج کی شعاؤں کا فشارِ خون پر بھی اثر پڑتا ہے۔
- دھوپ کی وجہ سے حیاتین د جسم میں سرطان زدہ خلیوں کو بے اثر بناتا ہے۔
- دھو پ کی وجہ سے وٹامن ڈی دل کی حفاظت کرتا ہے۔
- دھوپ سے ڈپریشن دور ہوتا ہے۔
- دھوپ کی شعاعیں انسولین پر اثر انداز ہوکر خون میں گلوکوز کی سطح کم کرتی ہیں، جس سے ذیابطیس کا مرض کم ہوجاتا ہے۔

مونگ پھلی کا استعمال آج سے کیوں نہیں ؟

- مونگ پھلی کا استعمال دبلے افراداور باڈی بلڈنگ کرنے والوں کے لئے انتہائی غذائیت بخش ثابت ہوتا ہے۔
- مونگ پھلی میں موجود Antioxidant غذائیت کے اعتبار سے سیب، گاجر اور چقندر سے زیادہ ہوتے ہیں۔
- مونگ پھلی کے طبی فوائد کئی امراض سے حفاظت کا بھی بہترین ذریعہ ہیں۔
- مونگ پھلی میں پایا جانے والا وٹامن ای کینسر کے خلاف لڑنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔
- مونگ پھلی میں موجودفولاد خون کے نئے خلیات بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔
- تحقیق کے مطابق، ذیابطیس کے مریضوں کے لئے مونگ پھلی کا استعمال نہایت مفید ہے۔
- دوسرے درجے کی ذیابطیس میں گرفتار کے روزانہ ایک چمچہ مونگ پھلی کا استعمال بہترین ہے۔
- ڈاکٹروں کے مطابق مونگ پھلی کا استعمال انسولین کی سطح برقرار رکھتا ہے۔
- مونگ پھلی میں موجو د تیل سے آپ کا وزن نہیں بڑھے گا خواہ آپ کتنی ہی کھا جائیں۔

آپ کی صحت کے لئے ......

- ہونٹ کو گلابی رکھنے کے لئے زعفران ملیں اس سے ہونٹ گلابی رہیں گے۔
ہونٹ پھٹے ہوں یا بہت زیادہ سخت ہوں اس کے لئے رات کو سونے سے پہلے ملائی لگائیں۔

- آنکھوں میں ہمیشہ سرمہ لگائیں،کاجل سے بینائی کمزور ہوتی ہے۔

- ناخن کو مضبوط رکھنے کے لئے لہسن رگڑیں اس سے ناخن جلد بڑھتے ہیں۔

انڈوں کی ٹپس ......

- سفیدی کو زردی سے علیحدہ کرنے کے لئے صاف قیف میں انڈا توڑ کر ڈالیں تو زردی قیف میں اور سفیدی پیالی میں آجائے گی۔

- انڈے کا چھلکا آسانی سے اتارنے کے لئے ابلتے پانی میں تھوڑا سا سرکہ ڈال دیں تو ابالنے کے بعد انڈے کا چھلکا آسانی سے اتر جائے گا۔

نارنجی ...... متعدد بیماریوں کا توڑ!

- نارنجی میدے اور آنتوں کو صاف کرکے ہاضمے کو تقویت پہنچاتا ہے۔
- نارنجی دل اور جگر کے لئے بے انتہا مفید ہے۔

- نارنجی قریب ہر قسم کے بخار اور یرقان کے لئے اکثیر سے کم نہیں ہے۔
- نارنجی میں وٹامن اے ،بی ، ڈی کافی مقدار میں پایا جاتا ہے۔
- نارنجی دانتوں کے لئے انتہائی مفید ہے۔
- جنہیں دودھ نہ ہضم ہوتا ہے انکے لئے نارنجی نہایت مفید ہے۔
- امریکی رپورٹ کے مطابق نارنجی کا جوس، شیر خوار بچوں کے لئے آب حیات ہے۔

ہڈیوں کے درد کا علاج!

- دار چینی حیرت انگیز طبی فوائد کی حامل ہے،
اس کا استعمال کئی خطرناک بیماریوں سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔

- تحقیق کے مطابق روزانہ شہد کے ساتھ ایک چمچہ دار چینی کا پاؤڈر استعمال کرنے سے ہڈیوں کے درد میں کمی واقع ہوتی ہے۔

- دار چینی جسم میں خون کی سطح کو نارمل رکھتی ہے،
جسم کو مختلف انفیکشن سے بچاتی ہے۔

- دار چینی کے مسلسل استعمال سے یادداشت بھی بہتر ہوتی ہے۔

Ref: Hakeem Syed Avbdul Ghaffar Agha

دانت کے لئے......

کھانے کا نمک ایک حصہ اور
سونٹھ بھنی ہوئی چار حصّے پیس کر،
ملا کر دانتوں پر ملَنے سے دانتوں کا
کھٹّا پن دور ہوجاتا ہے!

مچھلی کھائیں.....جان بنائیں!

- مچھلی کے باقاعدہ استعمال سے الزاھیمرز سے بچاؤ میں مدد ملتی ہے۔
- مچھلی کھانے سے آپ دل کی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔
- اس کا باقاعدہ استعمال ذہنی تناؤ کو دور کرنے میں انتہائی فائدہ مند ہے۔
- مچھلی کھانے سے آپ کی ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔
- مچھلی کھانے سے مختلف اقسام کے سرطان سے لڑنے میں بھی مدد ملتی ہے۔
- جسم میں خون کی روانی میں بھی بہتری آجاتی ہے۔
